چاک کے دلچسپ استعمالات...

چاک کے 8 دلچسپ...
استعمالات جو زندگی آسان
بناتے ہیں

چاک سے ہم سب کی آشنائی بچپن سے ہی ہے درحقیقت ہم نے
اپنی تعلیم کی ابتدا ہی اس سے لکھی گئی تحریروں سے کی
اور ہمارے اُساتذہ نے ہماری توجہ جگانے کے لیے اسے بطور
ہتھیار بھی استعمال کیا لیکن چاک کی قابلیت یہیں پر ختم
نہیں ہوتی کیونکہ یہ ہماری زندگی کو کئی اورطریقوں سے
بھی آسان بنا سکتا ہے۔

اس آرٹیکل میں روزمرہ زندگی کو آسان بنانے کے لیے چاک کے چند دلچسپ کمالات کو شامل کیا جا رہا ہے جنہیں جان کر آپ اسے دوبارہ خریدنا چاہیں گے اور جہاں یہ آپ کہ بچپن کی یادیں تازہ کرے گا وہاں آپ کی کئی مشکلات کو آسان کر دے گا۔

نمبر1:

چاک کپڑوں پر تیل کے مُشکل داغ مٹا سکتا ہے

ہمارے کھانے چکنائی کے بغیر ادھورے ہیں اور انہیں کھاتے ہُوئے اکثر ایسا بھی ہوتا ہے کہ یہ ہمارے کپڑوں پر گر کر اُن پر تیل کا داغ چھوڑ جاتے ہیں اور یہ داغ کپڑے کو مل مل کر

دھونے سے بھی نہیں اُترتے لیکن چاک آپ کی یہ مُشکل آسان کر سکتا ہے آپ بس داغ پر چاک مل دیں اور 10 منٹ کے بعد کپڑے کو واشینگ مشین میں ڈال کر دھو لیں داغ صاف ہو جائے گا کیونکہ چاک میں صلاحیت ہے کہ یہ گریس وغیرہ کو اپنے اندر جذب کر لیتا ہے۔

نمبر 2:

سٹیل کے برتن اور جیولری چمکانے کے لیے

سٹیل کے چمچ وغیرہ وقت کے ساتھ اپنی چمک دمک کھونے لگتے ہیں لیکن اگر چمچ اور کانٹوں کے بکس میں آپ چاک رکھ دیں تو چاک بکس کے اندر موجود نمی کو اپنے اندر جذب کر لے گا اور برتنوں کی چمک دمک کو خراب نہیں ہونے دے گا اسی

طرح جیولری بکس میں بھی چاک رکھ کے آپ اُن کی چمک کو قائم رکھ سکتے ہیں۔

نمبر 3:

کپڑوں کی الماری میں نمی کی بدبو

کپڑے دھونے کے بعد چاہے خُشک کرلیں لیکن کہیں نہ کہیں ان میں نمی رہ جاتی ہے اور یہ نمی الماری میں ناپسندیدہ بُو پیدا کرتی ہے اور ایسی صُورت میں چاک آپ کے بہت کام آ سکتا ہے آپ اسے کپڑوں کی الماری میں رکھ دیں یہ وہاں کی ساری نمی اپنے اندر جذب کر لے گا اور آپ کی الماری کو بدبو سے بچائے گا۔

نمبر 4:

آپ کے اوزاروں سے زنگ صاف کرتا ہے

آکسیڈیشن ایک قُدرتی عمل ہے اور یہ قُدرتی عمل لوہے کے ٹولز جیسے قینچی، نیل کٹر وغیرہ پر زنگ پیدا کرنا شروع کر دیتا ہے اور ٹُول کو خراب کر دیتا ہے اس آکسیڈیشن سے بچنے کے لیے اپنے لوہے کے ٹُول بکس میں چاک رکھیں اور بے فکر ہوجائیں یہ نمی اپنے اندر جذب کر کے زنگ کو پیدا نہیں ہونے دے گا۔

نمبر 5:

حشرات کی کاروائی روکنے کے لیے

چیونٹیاں وغیرہ ہمارے ساتھ گھر میں رہتی ہیں اور عام طور پر اپنے کام سے کام رکھتی ہیں لیکن خوراک حاصل کرنے کے لیے ہمارے باورچی خانے ان کی پسندیدہ جگہ ہیں جہاں یہ ہمارے کھانوں کو آلودہ کرتی ہیں لیکن خُوشخبری کی بات یہ ہے کہ یہ چاک سے نفرت کرتی ہیں اور اگر آپ باورچی خانے وغیرہ میں چیونٹیوں کے داخلے کی جگہ پر چاک سے لکیر لگا دیں تو چیونیٹاں اس حد کو پار نہیں کریں گی اور آپ کا کھانا محفوظ رہے گا۔

نمبر 6:

سفید کپڑوں کے پیلے کالر سفید رکھنے کے لیے

سفید شرٹ کے کالر اگر پیلے ہو جائیں تو چاہے جتنا بھی دھو لو یہ پُوری طرح سفید نہیں ہوتے اور ایسی صُورت میں چاک آپ کا مددگار ثابت ہوگا آپ شرٹ دھونے سے پہلے کالر پر اچھی طرح چاک مل دیں اور کُچھ دیر کے بعد کپڑا دھو لیں۔

نمبر 7:

دیواروں کے داغ

دیوار پر داغ وغیرہ لگ جانا عام بات ہے اور یہ داغ بُرے لگتے ہیں اور ہم سمجھتے ہیں کہ ان کا واحد حل دوبارہ پینٹ

کروانا ہے جو کے مشکل اور مہنگا کام ہے لیکن اگر آپ اپنی دیوار کے رنگ سے میچ کرتے رنگ کا چاک خرید کر داغ پر مل دیں تو یہ آپ کی دیوار کو دوبارہ صاف سُتھرا کر دے گا۔

نمبر 8:

ناخن چمکانے کے لیے

جی ہاں چاک آپ کی خُوبصورتی میں اضافہ بھی کرتا ہے، ناخن صاف کر کے چمکانے کے لیے بیوٹی سیلون جانے کی بجائے بُرش وغیرہ پر چاک لگا کر اس سے ناخن صاف کریں یہ ایک سمجھدار بیوٹیشن کی طرح آپ کے ناخن صاف سُتھرے اور چمکدار بنا دے گا۔

0307-8162003